تکریم ظہوری

شرح اردو نثر دوم ظہوری

حسب الحکم

کپتان فلر صاحب بہادر ڈائرکٹر پبلک انسٹرکشن

مدارس ممالک پنجاب وغیرہ کے

مولوی کریم الدین ڈپٹی انسپکٹر

مدارس حلقہ لاہور نے

طالبعلمان پنجاب کے لئے سنہ ۱۸۶۶ء میں تصنیف کی اور باہتمام

بابو چندر ناتھ متر سپرنٹنڈنٹ کے مطبع سرکاری میں طبع ہوئی

شرح دیباجہ دوم از سہ نثر

ملا ظہوری مسمیٰ بگلزار ابراہیم

خرّمیِ چمنِ سخن بہ طراوتِ حمد بہار پیرائیست کہ گلزار ابراہیم در رخسار یوسف طلعتان نمرود نخوت رسانیدہ * و تاجداری لفظ و معنی بحشمت ثنائے تارک آرائیست کہ مسمّیٰ خلیل خود یعنی ابراہیم عادل شاہ را در ہفت اقلیم بہ نہ صفت یگانہ و ممتاز گردانیدہ *

لغات ۔ خرّمی ۔ خُرّم بمعنی شادان اور خوش وقت کے ہے اصل مین یہہ لفظ بدون تشدید کے ہے کیونکہ تشدید فارسی مین نہین آتا چنانچہ حکیم ثنائی کہتا ہے ؎ از غم کار نی کن دگر و زبادہ جامی کن دگر * وز جان جہانی کن دگر نے نشین در دو شاد و خرم * اہل لغت سے بعض اسکو مفرد کہتے ہین اور خان آرزو

سراج اللغة مین اسکو مرکب لکہا ہے خور بمعنے آفتاب اور رم سے جو مشتق ہے
رمیدن سے وہ کہتا ہے کہ خرم بمعنی رمندہ از خور است و آنچہ از خور برمد تازہ
وشاداب باشد نہ خشک پس اس صورت مین تشدید بسبب ادغام کے ہے
اور تخفیف بسبب حذف ایک را کے ہے جیسے بدتر اور بترین ظاہر ہے اس
تقریر سے معلوم ہوا کہ اس لفظ کو بدون واو کے اور ہمراہ واو کے بہی لکہنا
درست ہے خرمی بمعنے شگفتگی اور شادابی کے مستعمل ہے طراوت بالفتح تازگی
حمد ستودن وستایش وستودہ شدن وستودہ شدگی پیراستن کم کردن
در چیزے برائے زینت واینجا مطلق آرایش مراد است گلزار ابراہیم سے وہ
وہ آگ مراد ہے جو ابراہیم خلیل اللہ پر سرد ہوگئی تہی چونکہ یہہ مشہور ہے کہ وہ
آگ مبدل بہ پہولون اور گلون سے ہوگئی تہی اسلئے شعرا اوسکو گلزار سے تعبیر کیا
کرتے ہین اور اسلئے کہ اس رسالہ کا بہی نام گلزار ابراہیم ہے اس لفظ کا اس جگہہ
ذکر کرنا گویا براعت الاستہلال ہے اور ذکر لفظ ابراہیم اور یوسف ونمرود کا قبیل
تناسبات سے ہے رخسار مرکب ہے رخ بمعنے مونہہ اور سار سے جو کہ بمعنے
جگہہ کے آیا کرتا ہے طلعت بفتح دیدار و دیدن روئے الا چہرہ کے معنی مین
بہی مستعمل ہوتا ہے رسانیدہ بمعنے دمانیدہ و نخوت بالکسر تکبر یعنے شگفتگی
سخن کے چمن کی اوس بہار پیرا کی حمد ہے جسنے خوبرویون کے چہرہ پر گلزار
ابراہیم اگایا اور وے خوبرو کیسے ہین یوسف جیسی خوبصورتی اور نمرود کی مانند تکبر ونخوت
مین سہمی بفتح سین وتشدید یائے بمعنے ہم نام لفظ خود سے کنایہ خدا تعالی سے
ہے خلیل خود یعنے خدا کا خلیل مراد حضرت ابراہیم ع اور چونکہ ممدوح اس مصنف کا

ہی سمی ابراہیم عادل شاہ ہے اسلئے وہ ہمنام ابراہیم خلیل کا ہوا ہفت ونہ یگانہ یہہ الفاظ جو اس فقرہ مین لایا ہے اسکو صنعت سیاقۃ الاعداد کہتے ہین واضح ہو کہ اس رسالہ مین نو صفتین ملا ظہوری نے اپنے ممدوح ابراہیم عادل شاہ مین ثابت کی ہین وے یہہ ہین - اوّل معرفت دوّم اطاعت شرع محمدی سیوم شان وشوکت چہارم عدالت پنجم شجاعت ششم سخاوت ہفتم صورت زیبا ہشتم سیرت پسندیدہ واطوار برگزیدہ نہم توفیق کسب فضایل وکمالات چنانچہ ہر ایک صفت مذکورہ بالا کو علیحدہ علیحدہ بیان کرتا ہے اسلئے کہتا ہے +

اول معرفت

کہ باوجود حُجب کثرت در مشاہدہ شاہد وحدت معنی کلام مُعجز نظام لو کشف الغطاء لما ازددتُ یقیناً وصف حال او ساختہ گلستان نیت و بوستان عقیدتش از خس وخاشاک شک وشبہ پرداختہ +

حُجب بضمتین جمع حجاب کثرت ماسوے اللہ وحدت ذات خدا صوفیا کی اصطلاح مین کثرت سے جماعت کثیر یعنے مخلوقات اور لفظ وحدت سے

صرف ذاتِ خدا خدا کی مراد ہوتی ہے شاہد وحدت اضافت بیانی ہے
شاہد کے معنے حاضر اور گواہ اور محبوب کے آتے ہین اور اصطلاح صوفیہ
مین شاہد اوس تجلی حق کو کہتے ہین کہ جب سالک پر غالب ہو تو تمام
تعینات اوسکی نظر سے غایب ہو جاوین یہہ رتبہ بڑے کامل لوگون کو
نصیب ہوتا ہے جو کہ حق الیقین کے مرتبہ کو پہنچ جاتے ہین اوسوقت اونکا یہہ
حال ہوتا ہے کہ کوئی شئی دنیاوی یاد خدا سے اونکو غافل نہین کر سکتی حاصل
فقرہ کا یہہ ہوا کہ بسبب کمال معرفت کے باوجود پردون کثرت کے ممدوح نے
شاہد وحدت کو ایسا دیکھا کہ معنی کلام مذکور کے جو کہ قول حضرت علی رض کا ہے اوسپر
صادق آگیا ہے اور معنی اوس قول کے یہہ ہین کہ اگر پردے کثرت کے اوسکے
آگے سے ہٹا دئے جاوین تو جسقدر یقین خدا کا اوسکو حجب کثرت مین ہے وہ ہے
یقین رہے گا کچھہ زیادہ نہوگا کیونکہ اوسکے نزدیک حجب کثرت مانع دیدار الہی
کے نہین ہین خاشاک مرکب ہے خاش بمعنے ریزہ چوب و علف اور آک
کلمہ نسبت سے مراد کوڑہ پرداختہ بمعنے خالی کردہ اس فعل کا فاعل وہ ضمیر ہے
جو راجع ہے طرف معرفت کے یعنے معرفت نے کسیطرح کا شک و شبہ اوسمین باقی
نہین رہنے دیا +

مجموعۂ عرفان موحدان فردے از دفتر ستایش

عنف واشتلم ماسوا پسندیدہ طبع مواسایش +

مجموعہ جمع کیا ہوا اور ہر ایک وہ چیز جسمین کئی چیزین آمیز کی ہوئی ہون
اور وہ کتاب جسمین چند مضامین متفرق جمع کئے ہون **عرفان** بالکسر شناختن
مُوَحّدان جمع ہے موحد کی **فرد** تنہا اور واحد علم حساب مین فرد ایک کاغذ
سادہ یا کاغذ متفرق لکہا ہوا ہوتا ہے **دفتر** بالفتح کتاب جامع اوراق حساب دفاتر
جمع **عُنف** بہر سہ حرکت و مشہور بضم شین بمعنی درشتی **اُشتُلم** بضم اول
وضم لام تندی کرنا اور غلبہ کرنا مگر اس جگہ بمعنے اوس تندی کے ہے جو از روئے
غصہ کے ہو **ماسوا ار** جو کچھ کہ خدا کے سوا ہے یعنی کثرت **مواسا** تخفیف ہے
مواسات کا جسکے معنے الفت کے ہین مواسائی بیائے نسبت الفت کنندہ **الفت کنندہ**
اس فقرہ کے معنے کئی طرح لوگون نے کئے ہین بعضے یہہ کہتے ہین کہ طبیعت ممدوح
کی اسقدر حلیم ہے کہ تندی ماسوا کی برداشت کرتی ہے اس معنی مین صفت معرفت
کی کچہہ نہین نکلتی بعض یہہ کہتے ہین کہ یہہ معنے ہین کہ تعدی ماسوا کو ممدوح پسند
کرتا ہے مگر خدا کے غضب اور تندی کو نہین چاہتا اسکا باعث معرفت ہے کیونکہ
دنیا دار بسبب غفلت کے غضب خدا سے تو نہین ڈرتے بلکہ دنیا کے لوگون سے جو
آفات اونکو پہنچتی ہے اونسے ڈرا کرتے ہین پس ممدوح ایسا نہین ہے یہہ معنے بہی
پسند طبع نہین ہین - بلکہ یہہ معنے بہتر معلوم ہوتے ہین کہ ممدوح بسبب کمال معرفت
کے ماسوا ار حق پر تندی اور درشتی کرتا رہتا ہے تاکہ وہ مانع معرفت نہو + نشان

۱ **توضیح بیانش نشانہائے بے نشان ہمہ دلنشین وخاطر**

۲ **با فتاب جہانگرد تاکید نظر بر دو بینان نیندا ختن** + **و مصور**

قضا تہدید باحوال احولان نبرداختن ٭ زنار را با سبحہ نہ پیوند بست

کہ گسیختنش بر کشاکش کشیشان نہ خندد ٭ وکفر را با ایمان نہ تیر بست

کہ صداعش صندلِ چارہ از پیشانی برہمنان نبرد ٭ از صدمہ

توحیدش دوی دریکی گریختہ ٭ وبعلاقہ تجریدش خودی در

توی آویختہ ٭ گوشے حق شنو ٭ چشمے حق بین ٭ دلے حق جو ٭

خاطرے عرفان زا ٭ سینہ معرفت خیز ٭ تارکے آسمان سا ٭

جبہہ سجدہ ریز ٭

ا بی نشان سے مراد خدا تعالےٰ ہے دلنشین جو کہ دل مین بیٹھ جاوے

خاطرنشان ترکیب مفعولی است بمعنے آنچہ آن را در خاطر نشاندہ باشند حاصل

اس فقرہ کا یہہ ہے کہ ممدوح چونکہ کمال معرفت کا رکھتا ہے اسلئے حقایق الٰہی پر کماہی

اوسکو وقوف حاصل ہے چنانچہ جب وہ بیان بتوضیح کرتا ہے تو خدا تعالےٰ کے

نشان باوجودیکہ بسبب نایابی کے اونکو بے نشان مشہور کرتے ہین اوسکے بیان سے

سب کے سب سننے والون کے دلون مین دلنشین ہو جاتے ہین اور کچھہ شک و شبہ اونکو نہین رہتا +

۲ دو بین وہ آدمی جو ایک کو دو دیکھے اوسکو عربی مین اَحْوَل اور ہندی مین بھینگا کہتے ہین **نظر بر کسے انداختن** کے معنے ہین کسی کی طرف متوجہ ہونا چونکہ بصارت آفتاب کی روشنی سے ہوتی ہے اور دو بینی منافی توحید کی ہے اسلئے آفتاب جہانتاب کو بادشاہ کی طرف سے تاکید ہے کہ کسی بھینگے پر متوجہ ہو یعنی اونکی آنکھون مین کرن اپنی نہ جانے دے تاکہ ایک کو دو نہ دیکھہ سکین +

۳ **تہدید** - ڈرانا اور تاکید کرنا ہی ہے **اَحْوَل** بھینگا جسکو ایک چیز کے دو دکہلائی دین **پرداختن قضا با حوال اَحْوَلان** سے مراد اونکو پیدا کرنا ہے یعنے مصور قضا کو ممدوح تہدید کرتا رہتا ہے کہ کوئی بھینگا دنیا مین پیدا نہونے پاوے تاکہ ایک چیز کی دو دو اونکو نہ دکہلائی دین کیونکہ دوئی توحید کے خلاف ہے بعضے یون بھی اسکے معنے کہتے ہین کہ قضا کو ممدوح ڈراتا ہے اور ڈانٹتا کہ تو نے بھینگون کی آنکھین درست کیون نہ کین تیری غفلت سے یہہ عیب دوبینی کا انہین رہا +

۴ **سُبْحہ** بضم سین تسبیح کے دانے جنسے شمار کرتے ہین جو لوگ سَبحہ بفتح پڑہتے ہین وہ غلط ہے **پیوند** یعنے پیوستگی اس لفظ مین دو احتمال ہین ایک یہہ مرکب ہے **پی** اور **وند** سے جو کلمہ نسبت کا ہے چونکہ ایک چیز دوسری چیز سے اتصال شدید پاکر گویا بچہ مثل پی یعنے بچے کے ہو جاتی ہے اسواسطے اسکو پیوند کہا - دوسرا احتمال یہہ ہے کہ پیوند مشتق ہے پیوستن سے جو اصل میز

ہی بستی تھا پس بیو نہ کے اصل ہی بند ہوئی مگر بسبب کثرت استعمال کے
یک لفظ مفرد ہو گیا ہے **کشیش** رئیس اور سردار ترسا کا اسکو معرب قسیس ہے
جسکو پادری کہتے ہین **کشاکش** کشش ہائے پے در پے اس جگہ اسکے معنے
ناخوشی کے ہین حاصل فقرہ یہہ ہے کہ زنار کو سبحہ سے ایسا پیوند نہین ہے کہ کشاکش
کشیشان پر توڑنے کے وقت جو بسبب نادانی اور نافہمی کے جو اونہون نے تسبیح کے
توڑنے پر سعی بیفایدہ کی ہے خندہ نہ کرے بلکہ خندہ کرے گا کیونکہ تسبیح کا توڑنا ہے
گویا زنار کا حاصل کرنا ہے کسلئے کہ جب دانے تسبیح کے گر پڑے دھاگا باقی رہ گیا
جو مشابہ زنار کے ہے پس معلوم ہوا تسبیح اور زنار مین اتحاد ہے نہ جدائی کیونکہ
تسبیح ہی سے زنار پیدا ہو جاتی ہے +

۵- اس فقرہ کے معنے دو طرح پر ہو سکتے ہین ایک یہہ ضمیر شین کی طرف ایمان کے
راجع کرین تو مطلب یہہ ہوگا کہ درمیان کفر اور ایمان کے اسقدر یگانگی اور اتحاد
بہم پہنچا ہے کہ اگر دردسر ایمان کو عارض ہو تو صندل اپنے علاج کے لئے پیشانی
برہمنون سے وہ صداع لیگا اور کچھ انکار نکرے گا- دوسری توجیہہ یہہ ہے
کہ ضمیر کو راجع کرین طرف سر کے کیونکہ نسبت دردسر کی طرف سر کے مناسب ہے
تب یہہ مطلب ہوگا کہ کفر کو ایمان سے ایک ایسا سر بہم پہنچا ہے کہ اگر صداع
اوس سر کو عارض ہو تو صندل چارہ پیشانی برہمنان سے وہ سر حاصل کرے گا

۶ صدمہ- یک نوبت بہدگیر کو فتن و آسیب رسانیدن ۱۲ منتخب- مطلب یہہ ہے
کہ چونکہ اوسکی توحید دشمن دوئی کی ہے پس بسبب صدمہ توحید کے دوئی
اسقدر سراسیمہ و پریشان ہوئی کہ کوئی جگہ اپنے بچاؤ کی نہ پایا کر یکی مین بھاگ کر

اوسنے پناہ لی مقصد یہہ ہے کہ دوئی نہین رہی ہے صرف یکی ہو گئی ہے ٭

۷- عَلَاقَہ بالفتح اویزش اور دوستی اور لگاؤ و بالکسر اوس دہاگے یا رشتہ کو کہتے ہین کہ خنجر یا تازیانہ اور تیر مین باندہتے ہین آویختن خودی در توئی سے مراد ہے کہ دوئی مبدل ہو گئی ہے توئی سے تجرید برہنگی تنہائی اور اس جگہ مراد ہے فنائے مطلق ہے ٭

۸ گوشۂ حق شنو الخ یہہ بیان تجرید کا ہے تارک بمعنے کلہ سر و فرق سر و میان سر آدمی اور معنے کلاہ اور خود کے بہی اسکے آئے ہین کہتا ہے کہ باعتبار شکوہ اور سلطنت ظاہری کے اوسکا تارک آسمان سا ہے جبہہ پیشانی سِجدہ بالکسر سر برزمین نہادن و فروتنی و بفتح نیز آمدہ ٭

۱	پای رِفعت بر آسمان دارد	سر خدمت بر آستان دارد
۲	در عبادت بگفتن و دیدن	طرز او طرزِ حق پرستیدن
۳	خَلوَتِ دیگران و صحبتِ او	وحدت این و آن و کثرتِ او
۴	در دلش این و آن نمی گنجد	ہیچ جز حق دران نمی گنجد
۵	بُت شکن گشت چون خلیل نخست	بادش ارزانی اعتقاد درست

۶	کفر در فکرِ نکتۂ عرفان	شرک در شکرِ نعمتِ ایمان
۷	طینتش باج خواه طینت ها	زینتش بادشاه زینت ها
۸	در عبادت نہ ہے تنومندی	بندگی در خورِ خداوندی
۹	سرِّ وحدت بمغز بُرد از پوست	همه او کرد خویش را همه اوست

۱ رفعت بالکسر بلندی قدر و مرتبہ و بلند قدر و مرتبہ شدن والفعل من کرم قاموس آستان سے مراد آستانہ خدا کا ہے +

۲- یعنی در گفتن و دیدن در عبادت است مطلب یہہ ہے کہنے دیکھنے مین بہی وہ عبادت ہی مین ہوتا ہے پس طرز اوسکی طرز حق پرستی کی ہے بعض نسخون مین حق او طرز حق پرستیدن ہے معنے اسکے ظاہر ہین +

۳- اس شعر مین خبر درمیان دونون مصرعون کے محذوف ہے یعنے خلوت دیگران و صحبت او برابر است و وحدت این و آن و کثرت او برابر است خلوت بالفتح تہی شدن و تنہا بودن و جائے خالی صحبت بضم یاری واو درمیان دیگران و صحبت کے بعض کے نزدیک واو عاطفہ مفید معنے مساوات کو ہے یعنے تنہائی دیگران و یار باشی او برابر است اور یمینی نے اسکو واو ملازمت لکھا ہے اور صہبائی نے اسکو واو بمعنے مع کے لکھا ہے +

۴ این و آن بمعنی کثرت اور ماسوا اللہ کے ہے اور مصرع ثانی مین آن

اسم اشارہ ہے پس تکرار قافیہ کا اعتراض نہ پڑا حق نام خدا کا ہے *

۵ نُخت بمعنی دُرُشت یا از نُخت کے ہے ارزانی مسلم برقرار یہہ لفظ مرکب ہے

ارزان اور یار نسبت سے اور ارزان مرکب ہے ارز اور آن سے جو کہ مفید معنی

فاعلیۃ یا نسبۃ کو ہے اور ارز مشتق ہے ارزیدن بمعنے قیمت کردہ شدن و بفروخت

رفتن سے پس ارزان بمعنے ارزندہ کے ہے اور بمعنی قیمت کے ہے اسکو جیم سے بدل

کرکے ارج کہتے ہین اس صورت مین ارزانی منسوب طرف ارزان کے ہے اور جو چیز

ارزندہ ہوتی ہے وہ خوب ہوتی ہے پس یہہ لفظ بمعنے برقرار اور مسلم کے مجاز در

مجاز ہے اور عوام الناس مین جو ارزان اور ارزانی بمعنے ضد گران اور گرانی کے

مستعمل ہوگیا ہے وہ معنی حقیقی کے برخلاف مستعمل ہوگیا ہے اور معنی شعر کے

ظاہر ہین *

۶ کُفر خدا کو نہ پہچاننا اور اوسپر ایمان نہ لانا ضد ہے ایمان کی شرک سوا خدا کے

اور کو بھی خدا جاننا یعنے بر غیر خدا گرویدن کفر اور فکر شرک اور شکر امین صنعت

مقلوب ہے مشہور معنی اس شعر کے یہہ ہین - کہ کفر بسبب برکت اس بادشاہ کے

ہمیشہ اس فکر مین رہتا ہے کہ نکتہ معرفت الٰہی کا حاصل کرے اور شرک کو نعمت ایمان

کی ایسی حاصل ہوگئی ہے کہ ہمیشہ اوس نعمت کا شکر گذار رہتا ہے باوجودیکہ کفر

اور عرفان شرک اور ایمان مین بہت ضد ہے *

۷ باج خواہ حاکم اس شعر مین صنعت ترصیع ہے

۸ تنومند مرکب ہے تن و مند سے واو اسمین زاید ہے اور یا مصدری اسمعنے

توانائی ہین در خور لایق +

۹ بمغز کی با معیت کے معنی مین ہے اور نزا زپوست کی اعراضیہ ہے یعنے مغز بردہ و پوست انداختہ دوسرے معرعہ مین دو احتمال ہوسکتے ہین یا تو ہمہ اوست یہہ لفظ تمام مراد ہو یا ہمہ او فقط مقصود ہو اور حرف است واسطے ربط کے ہو اول تقدیر پر یہہ معنے ہون گے کہ ممدوح نے اپنے تئین ہمہ اوست کرلیا ہے یعنے وہ ہمہ اوست کہلایا ہے گویا کہ سراپا ہمہ اوست ہی ہوگیا ہے یہہ مبالغہ ہے مطلب یہہ کہ یہہ قال اوسکا حال ہوگیا ہے پس ضمیر او جو کہ اول ہے راجع ہے ممدوح کی طرف۔ تقدیر ثانی پر دو وجہ ہوسکتی ہین ایک یہہ کہ حرف ربط جزو ہو عبارت کرد است کا جو کہ فعل کرد سے جدا ہو کر بعد لفظ او کے واقع ہوگیا ہے اس صورت مین ہمہ او بعد خویش را کے واسطے تاکید کے مکرر آیا معنے اب یہہ ہون گے کہ ممدوح ما سراپائے خود را او کردہ است پس لفظ ہمہ تاکید خویش کے واقع ہوگا اور لفظ ہمہ او ثانی تاکید ہے ہمہ او قول اول کے دوسری وجہ یہہ ہوسکتی ہے کہ ہمہ او ثانی مصنف کا مقولہ ہو اور حرف است واسطے ربط عبارت کے ہے۔ پس حاصل آن چنین باشد کہ ممدوح ما سراپائے خود را ہمہ او کردہ و باز میگوید کہ ممدوح ہمہ اوست و توضیح این مطلب بدین وجہ است کہ سراپائے خود را او کردن دلالت دارد کہ او خود را بتکلف او کردہ لہذا بعد ازان گفت کہ خود را ہمہ او کردن ممدوح چہ معنے دارد کہ ہمہ ممدوح عین اوست۔ واضح ہو کہ اہل تصوف کے دو فرقے ہین وجودیہ اور شہودیہ اول فرقہ کا یہہ قول ہے کہ سب چیز خدا ہے وے لوگ ہمہ اوست کہتے ہین اور دوسرا فرقہ ہمہ از وست کہتے ہین یعنے سب چیز خدا کی مخلوق ہے +

دوم

سعادت اطاعت شریعت غرّای مصطفوی + و دولت

برافراشتن لوای ولای مرتضوی + به پیرایه اجتهادش

رونق بر شرع مفتون + و بدرستی اعتقادش کار ملت از

شکست مصون + بقبول امرش دست معروفان برسر +

و بردّ نهیش زخم منکران منکر + فرق دین آسوده سایه

صاحب کلاهیش + شور ترویج ملّت نمک مایده شاهنشاهیش +

بپا مردی تقویتش پابست کاخ ایمان خارا بنیان + و بدستیاری

تزئینش درگاه محکمه علیه دارا دربان + سجل گیرودار گماشتگان

شهر و دیار بمهر امضای قاضیان قضا قدرت در تزئین +

ودر محفل تربیت و آئین مثال متمکنان مسند شریعت بر فرامین

واحکام بادشاهی مقدم نشین + در تردد شارع شرع گرد تعصب

از دامان جدّ وجهد فشانده + ومحبت هر یک از مقربان درگاه

را در محفل دل الهام منزل بجای خود نشانده دلیل بحث بیش

روش پیروی اصحاب کبار + وبرهان پاکی طینتش محبت

ایمه اطهار +

غرائے روش مصطفوی و مرتضوی منسوب بمصطفے و مرتضیٰ واو ان دونون کی الف سے بدل کی ہوئی ہے وِلاَ دوستی لِوا جھنڈا ابڑا۔ اِجتہاد کوشش کرنا اور اصطلاح مین مسایل نکالنا قران و حدیث اور اجماع صحابہ اور اپنے قیاس سے درستی اور شکست مین صنعت تضاد ہے مصیون محفوظ معروفان مشاہیر واکابر دست بسر و دست بر سر کے معنے متواضع اور فروتن مراد ہین اگرچہ ان الفاظ کے معنے نہایت متعجب اور حیران کے بہی آئے ہین مگر اس جگہ وہ مراد نہین ہین زخم منکر زخم زبون جو اچھا نہوسکے دونون فقرون کے یہہ معنے ہین کہ مشاہیر دیکے حکم ماننے مین متواضع اور فروتن ہین اور جس بات سے وہ ہی کرتا ہے

اگر کوئی اوسکی ہی کو رد کرے تو جو زخم ممدوح سے اونکو پہنچتا ہے پہر وہ اچھا نہین ہوتا شارح ہمبئی نے بجائے لفظ نہی کے ہیبت لکھا ہے مگر مقابل امر کے نہی کا لفظ مناسب تر ہے +

شور بمعنی شہرت نمک بمعنی مزہ و لطف بامردی مددگاری پابست اور پائی بست بنیاد عمارت کی جیسے سعدی کہتا ہے ~ خواجہ در بند نقش ایوان است خانہ از پائی بست ویران است + بنیان بنیاد خانہ - محکمہ عالیہ سے مراد دار الحکومت اور دار القضا ہے دارا دربان وہ جگہ جہان بردارا کی مانند دربان ہون درگاہ محکمہ مین اضافت بیانی ہے سجل بکسر سین و جیم و تشدید لام فرمان گیر و دار حکومت و زمانہ ہی گیرامر ہے گرفتن سے اور دار امر ہے داشتن سے یعنی فلان را بگیر و نگہدار چونکہ یہہ دونون باتین متعلق حکومت سے ہین اسواسطے مجموع کے معنے حکومت کے ہو گئے ہین گماشتگان شہر و دیار سے مراد وہ گماشتے ہین جو ممدوح کی طرف سے شہرون مین مقرر ہین قضا قدرت اوس کو کہتے ہین جو شخص قضا کی مانند قدرت رکہتا ہو امضا جاری کرنا دہ ایک علامت ہوتی ہے جو واسطے اجراء فرامین کے اونکی پیشانی پر کرتے ہین اس زمانہ مین جسطرح حکام کے دستخط پروانون کی پیشانی پر لکھواتے ہین اوسکو امضا کہتے ہین قضا اور قاضی مین صنعت اشتقاق ہے تزئین آرایش حاصل معنے یہہ ہوے کہ فرمان حکومت کا واسطے گماشتون کے جو جانب ممدوح سے

یا جانب گماشتون سے واسطے رعایا کے لکھا جاتا ہے بلحاظ شریعت کے مہر اور
امضا اوس فرمان کا قاضیون سے متعلق ہے بادشاہ یا گماشتون سے متعلق نہین ہے
مطلب یہہ ہے کہ بادشاہ تابع شرع کا ہے **ترتیب** ہر ایک شی کو اوسکے رتبہ پر
رکہنا **آئین** رسم و عادت **متمکنان مسند شریعت** عبارت علماسے ہے
فرامین جمع فرمان اس فقرہ کے یہہ معنے ہوئے کہ محفل تربیت اور آئین مین
ممدوح فرامین علماکو اپنے احکام پر مقدم رکہتا ہے یہہ کمال اتباع شریعت کا ہے
تَرَدُّد آمد و رفت کرنا **شارع** راہ بزرگ بڑی سڑک **تعصّب** حمایت
کرنا **جِدّ** بکسر درستی و کوشش در کار **جَہد** بفتح توانائی و کوشش و رنج -
افشاندن گرد تعصب از دامان جد و اجتہاد مجاز ہے یعنے راہ شرع
کی آمد و رفت مین ممدوح نے جد و اجتہاد ایسے طور پر اختیار کیا ہے کہ تعصب کو
چھوڑ دیا ہے اس فقرہ مین یہہ اشارہ ہے کہ ممدوح جو کہ شیعہ مذہب ہے اپنے
مذہب مین متعصب نہین ہے سینون کی رسوم کا مانع نہین ہوتا اپنے مذہب کو
بزور رایج نہین کرتا **مقربان درگاہ** سے مراد دین کے امام اور مجتہد ہین
بجائے **خود نشاندن** سے مراد ہے کہ بقدر رتبہ ہر ایک کے عجت رکہنی
مبحث جائے کاویدن سخن مباحث جمع **اصحاب** جمع صاحب بمعنے یار کے
کبار جمع کبیر کی ہے بمعنے بزرگ **ایمہ** جمع امام کی پیشوا دین کا **اطہار**
جمع طاہر بمعنے پاک +

مثنوی

۱ صرف نیکان همه تولایش — بر بدان ضربت تبرّایش

۲ نخل بدعت نشاندگان بی بر — تن سر برگرفتگان بی سر

۳ کرده از هم جدا حق و باطل — دو جهان مزرعی است او حاصل

۴ نفس سرکش ز زیر دستانش — در پرستش خدا پرستانش

۵ عُنف از رافتش مدارای — حلقه در گوش شرع دارای

۶ نظم هر کار و بار بر شرع است — کفر را هم مدار بر شرع است

۷ گرز دار القضا نشان آرند — آسمان را کشان کشان آرند

۸ تا نبارد سحاب لجّه شرع — لب تفسیده تر نسازد زرع

۹ چون نوازد غرور با اعدا	غُرّہ گردش شریعتِ غرّا

۱ تَوَلّا محبت داشتن تَبَرّا بیزار شدن ۲ بی بر بے پھل نخل بدعت نشاندگان سے مراد بدعتی اور مبتدع ہین سر بر گرفتگان سے مراد سرکش ہے مگر اس جگہہ مراد وے لوگ ہین جو شرع مین بدعت نکالتے ہین اور اگر کفار مراد ہو تو بہت مناسب مقام کے ہے ٭

۳ حق ثابت ۔ لایق ۔ درست ۔ راست ۔ واجب ۔ باطل ناچیز ناحق مزرع کھیتی کی جگہہ حاصل بقیہ کسی چیز کا اور نقد چیز ۔ خرمن کو بھی کہتے ہین ٭

۴ نفس سرکش نفس امارہ زیر دست تابع یعنے نفس امارہ اوسکا تابع اور محکوم اوسکا ہے اور خدا پرست اوسکی پرستش مین ہین ٭

۵ عنف درشتی رافت مہربانی اور مہربان ہونا مدارای مدارا کے اصل مین مدارات تھا فارسی والون نے تا فوقانی کو حذف کر دیا ہے چنانچہ اور الفاظ مین بھی ایسا تصرف کیا کرتے ہین جیسے مفاجا ۔ مکافا ۔ محابا ۔ مواسا ۔ یہہ مخفف ہین مفاجات مکافات ۔ محابات ۔ مواسات کے اور مدارای مین یا ر نسبت کی ہے یعنے مدارا کنندہ اور آز واسطے استعانت کے ہے حلقہ در گوش غلام کو کہتے ہین وجہ اسکی یہہ ہے پارس مین یہہ دستور ہے جب کوئی غلام خرید کرتے ہین تو اوسکے کان مین آویزہ لٹکا دیا کرتے ہین اسواسطے یہہ محاورہ خاص غلام کے واسطے ہوگیا

مراد مصرعہ ثانی سے یہہ ہے کہ بادشاہ تابع اور محکوم شرع کا ہے ٭

۶ نظم ترتیب بار اسکے معنی بہی کار کے ہین چنانچہ برہان قاطع مین موجود ہین مدار جائے گردش عرف مراد رسمیات ظاہر یہ اس شعر مین کمال اتباع شرع کا بیان ہے یعنے تمام امورات عرفیہ اور رسوم ظاہریہ کا مدار اس بادشاہ نے اوپر شرع کے رکہا ہے بعض نسخون مین بجائے عرف کے کفر لکہا ہے ٭

۷ نشان - زبان - علامت اس شعر مین حکومت کا بیان ہے یعنے اگر اوسکی کچہری سے آسمان کے بہی حاضر کرنے کا حکم ہو تو بڑی ذلت اور خواری سے آسمان کو نشان لاکر حاضر کر دیتے ہین ٭

۸ سحاب بالفتح ابر لُجّہ بضم وتشدید جیم میان دریا و آب ژرف تفسیدہ اسکی اصل تپسیدن ہتی اور اسکی اصل تاسیدن پیاسا ہونا حرارت گرمی سے بسبب تشنگی کے بےخود ہو جاتا زرع کہیتی تقریر مشہور اس شعر کے یہہ ہے کہ لجہ شرع مفعول ہے بارد کا اور سحاب اوسکا فاعل ہے یعنے جبتک کہ ابر لجہ شرع کو نہ برساوے کہیتی باوجود تشنگی اور خشک لبی کے اپنی لب کو تر نہین کرتی مگر صہبائی نے اوسکے یہہ معنے پسند کئے ہین کہ بارد فعل لازمی ہے اور سحاب مضاف ہے طرف لجہ شرع کے اور سحاب لجہ شرع سے وہ ابر مراد ہے کہ جو شرع کے دریا سے ابر اوٹہکر آسمان مین نمایان ہوا ہو تو اب یہہ معنے ہوئے کہ اگر سمندر مین سے ابر اٹہکر پانی برساوے تو کہیتی ہمارے بادشاہ کی ہرگز وہ پانی نہ پیوے گی بلکہ پیاسی رہے گی اور

منتظر رہے گی کہ جو وقت شرع کے سمندر کا ابر پانی برساوے گا اوسوقت اپنی لب کو تر کر دن گی مراد یہہ ہے کہ بادشاہ شرع کا بہت تابع ہے +

٩- چون بمعنی جراکے ہے یعنے کسواسطے ورزیدن اختیار کردن اَعدا جمع عدو کی ہے مراد اس جگہ اعداء دین سے ہے جو کفار ہین غرہ مغرور غرّا روشن یعنے جبکہ اتباع شرع روشن نے اوسکو ایسے رتبہ پر پہنچا دیا کہ اعداے دین سے غرور کرے تو ہر کسواسطے وہ غرور نکرے بلکہ کرنا چاہیئے +

سیوم شان و شوکت و جاہ و حشمت

باید[1] که بلند بالا شان سایه وار سر بزیر پا نهند تا در آستان

زمین آسمانش سجده بجا آرند[2] + گرد سجود درگهش که بر

پیشانی نشانید که از فرق فرقدان سالیش فر کلاه کیانی

ندمید[3] + هرکه آبادش نخواست خود را خراب ساخت[4] +

و آنکه نرد وفاقش نباخت دین و دنیا درباخت +

تا[5] ابر نیسان بهوالیش نبارد گوهر آب شاهواری برندارد +

کهین[6] بنده همین قدرش بپایه بوسی سریر عرشش نظیرش

در پایهٔ میری و سلطانی ✦ و کمترین چاکر فلک چاکرش

در خوان گستری نوازش عالمی مخاطب بشاهنوازخانی ✦

در بزم گاه عشرتش جمشید را مشرب جرعه خواری ✦ بر

درگاهِ همتش حاتم را منصب خاتم داری ✦ قضا بکمان

تدبیرش قدر انداز ✦ و الهام بدولت سرگوشی ضمیرش

سرفراز ✦

شان - قدر - مرتبہ - بڑائی - شکوہ - ہیبت - انہی معنی مین بولا جاتا ہے اور کبھی بمعنی حق کے بھی آیا ہے چنانچہ کہا کرتے ہین کہ یہہ آیتہ فلان شخص کے شان مین ہے یعنے اوسکے حق مین ہے یہہ سب معنی مجازی ہین اصل معنی شان کے کار اور حال کے ہین - **شوکت** شدت ہیبت در کارزار اور دبدبہ **حَشَمت** بفتحتین خدمتگاران و تابعان اور سکون شین سے بھی درست ہے جیسا منتخب مین لکھا ہے ✦

ا **بلند** بفتح اول ضد ہے پست کی اور اصل اس لفظ کی بالندہ صیغہ اسم فاعل کا بالیدن سے ہے ہا، بسبب تخفیف کے حذف ہو گئی جیسا کہ ماند مین کہ اصل مین

مانندہ تہا اور بسبب کثرت استعمال کے الف بہی حذف ہوگیا ہے اسلئے بلند
رہ گیا اور ما قبل علامت اسم فاعل کے یقیناً مفتوح ہوا کرتا ہے اگرچہ مکسور لوگون
کی زبان پر جاری ہوگیا ہے اسکی سند امام بخش صہبائی نے بہت لکہی ہین۔
بلند تلاش اوسکو کہتے ہین جسکی تلاش بلند ہو سایہ وار مانند سایہ کے
کیونکہ یہہ دستور ہے کہ سایہ اول بیرون مین ہوتا ہے اور پہر دراز ہوتا جاتا ہے
سجدہ بجا ظاہر صفت ہے اے وہ سجدہ بجا اور بموقع ہوا اور محل قبول مین ہے
حاصل معنی اس فقرہ کے یہہ ہین کہ میرے ممدوح کی شان و شوکت ایسی بلند ہے
کہ جو لوگ بلند تلاش اور متکبر ہین اونسے سوا اسکے کہ اوسکے آستان زمین
آسمان پر سجدہ کرین اور کچہہ نہین ہوسکتا اور سجدہ بجا اور بموقع اوسوقت ہوسکتا ہے
کہ اپنا سر گردن سے اتار کر بیرون مین رکہین تاکہ بزرگی شان کا کچہہ شبہ نہ ہے
اور تمام عجز اور انکسار اونمین نمایان ہوجاوے +

۴ گرد اور خاک مین یہہ فرق ہے کہ حالت اجتماع مین خاک کہلاتی ہے اور
حالت پراگندگی مین وہی خاک گرد بولی جاتی ہے مگر اس جگہ گرد کے معنی مطلق
خاک کے ہے سجود زمین پر سر رکہنا فرقدان نام اون دو ستارونکا
ہے جو قطب کے پاس ہین اونسے راہ کی شناخت ہوتی ہے اونمین سے ہر ایک
کو فرقد کہتے ہین کلاہ کیانی وہ کلاہ اور وہ تاج کہ بادشاہان کے سے منسوب
تہا کے کے معنی اصل مین اوس بادشاہ کے ہین کہ سب سے بلند تر ہو جسکو ملک الملوک
یعنی شہنشاہ کہتے ہین چنانچہ ایسے بادشاہ بعض نے چار اور بعض نے پانچ شمار
کئے ہین جو خطاب کی کار کہتے تہے اونکے یہہ نام ہین۔ کیقباد۔ کیخسرو۔

کیکاوس لہراسپ کیومرث برہان قاطع مین لکھا ہے
کہ لفظ کے مشتق ہے کیوان سے کیونکہ کیوان سب کواکب سیارون
سے بلند ترین سیارہ ہے یہہ توجیہہ رکیک ہے بلکہ یون کہنا چاہیے کہ چونکہ
کے اوس بادشاہ کو کہتے ہین جو سب سے بلند ہو اسیواسطے کیوان نام
ستارہ کا کے سے منسوب کرکے رکھا گیا ہے کیونکہ وان لفظ نسبت کا ہے
مطلب فقرہ کا یہہ ہے کہ جس کسی نے اوسکی درگاہ کے سجدہ کی گرد کو
اپنی پیشانی پر جگہہ دی ہے اوس خاک کی برکت سے اوسمین وہ کروفر
اور شوکت نمایان ہوگئی ہے جو بسبب کلاہ کیانی کے سرپر رہنے سے شوکت
ظہور پایا کرتی ہے - ۳ آباد ضد ہے ویران کی اسکا اطلاق مکان پر
حقیقت ہے اور آدمی پر مجاز اسیطرح اطلاق خراب کا ہے کہ اصل مین ویرانہ
کو کہتے ہین اور اوسکو بہی جسکی عمارت آباد نرہی ہو - ۴ نرد نام ایکبازی
کا ہے جسکو بزرجمہر نے مقابل شطرنج کے اختراع کیا ہے بعض کہتے ہین
نرد قدیم ہے مگر اوسمین دو کعبتین تہے بزرجمہر نے دو اور اوسپر بڑہا دئے ہین
اور اطلاق نرد کا مہرہ شطرنج پر بہی ہوتا ہے وفاق بالکسر سازگاری
بعض نسخون مین بجائے وفاق کے لفظ وفا لکہا ہے جسکے معنی وعدہ پورا
کرنے کے ہین دونو لفظ درست ہین - ۵ نیسان بروزن سیلان نام ساتوین
ماہ رومیون کا ہے اور اوس ماہ مین جو بارش باران ہوتی ہے اوس
مینہہ کو بہی نیسان کہتے ہین هوا خواهش باریدن نیسان بهوای ممدوح
اس سے مراد یہہ ہے کہ اوس مینہہ کا برسنا ممدوح کے کارمین آوے

گوہر اس جگہ بمعنے مروارید کے ہے **شاہوار** مرکب ہے شاہ اور وار
بمعنے لایق سے اور جو چیز لایق بادشاہون کے ہوتی ہے وہ خوب ہوتی ہے
مطلب گوہر کا شاہوار ہونا اوسوقت ہوسکتا ہے کہ ابرنیسان ممدوح کے
واسطے برسے - ۶ **کہین** مرکب ہے کہ بمعنے کوچک اور یا اور نون نسبت سے
میری سرداری کیونکہ **میر** مخفف ہے امیر کا جیسے ابوجہل اور بوجہل ابوتراب
اور بوتراب **سُلطان** بالضم والی - مطلب - ادنی بندہ ممدوح نے بسبب
پابوسی تخت ممدوح کے وہ رتبہ اور قدر ہم پہنچائی ہے کہ رتبہ میری اور سلطانی
کو پہنچ گیا ہے **ہہین قدر** صفت بندہ کی ہے باعتبار حصول رتبہ میری اور سلطانی
کے جو بعد پابوسی سریر کے اوسکو حاصل ہوا ہے یا یون کہو کہ وہ بندہ بہ نسبت
اور غلامون ممدوح کے کہین ہے مگر بہ نسبت اور اشخاص کے بہین قدر ہے
۷ **شاہ نواز** ترکیب مفعولی ہے بمعنی نواختہ شاہ اور لفظ **خان**
زیادہ کرنے سے لقب امرا اور سرداروں کا ہو جایا کرتا ہے جو بادشاہون سے
بروقت مورد عنایت ہونے کے ملتا ہے **خوان گستری** کی اضافت
جو نوازش کی طرف ہے یا تو بمعنے برائے کے ہے یعنی خان گستری برائے
نوازش عالمی یا اضافت بیانی ہے اسے در وقت گستردن* کا بادشاہ ہے
حاصل فقرہ کا یہہ ہے کہ میرے ممدوح نے جبکہ خوان نوازش عالم کا بچھایا
تو اوسکے کمترین چاکر کو بسبب نہایت نوازش شاہی کے خطاب شاہ نوازخانی
کا حاصل ہو گیا پس اوسکی نوازش مین جبکہ ادنے لوگون کا یہہ حال ہے
تو اعلے اور بلند مرتبہ لوگون کا کیا حال ہوگا - **فلک چاکر** صفت ہے

* خوان نوازش عالمی را در عالم گستردن

جا کر گی یہہ بھی اوسی قبیل سے ہے جیسے اوپر کے فقرہ مین **مہین قدر**
صفت ہی - ۸ **جمشید** نام ایک بادشاہ کا ہے اوسکو فارسی مین کبھی جم
اور جمشاسپ بروزن طہماسپ اور جمشید ون بھی کہتے ہین اور یہہ چارون لفظ
حضرت سلیمان ع پر بولے جاتے ہین صرف اتنا فرق ہے کہ جبکہ جام اور صراحی
وغیرہ کے ہمراہ یہہ لفظ آتا ہے تو مراد اوس سے وہ بادشاہ ہوتا ہے اور جیسا
دیو اور پری اور خاتم کے ہمراہ مذکور ہوتا ہے تو مراد سلیمان ہوتا ہے برہان قاطع
مین لکھا ہے کہ اس بادشاہ کا ابتدا مین نام جم تھا جم کے معنی مین بادشاہ بزرگ
ایک روز وہ آذربائجان مین گیا اوسدن آفتاب اول نقطہ حمل مین تھا اوسنے
حکم کیا تخت مرصع کسی بلند جگہ پر رکھنا اور تاج مرصع سر پر رکھکر اوس تخت پر
وہ بادشاہ بیٹھا جب آفتاب نکلا تو شعاع آفتاب کی تخت اور تاج پر پڑی نہایت
روشنی ظاہر ہوئی روشنی کو زبان پہلوی مین شید کہتے ہین اسلیے یہہ لفظ
جم پر بڑھا دیا اب اسکے معنے بادشاہ روشن ہوگئے اور اوس روز بڑا جشن کیا
مشرب راہ وطریق رندان مقابل مذہب ۹ **حاتم** نام ایک جوانمرد
کا ہے جو مشہور ہے وہ عبد اللہ بن سعد طائی کا بیٹا تھا **خاتم** انگشتری
یہہ لفظ بفتح تا اور بکسر تا دونون طرح سے آیا ہے پر فصیح بفتح ہے
خاتمداری خدمت محافظت انگشتری بادشاہ کی ہے ۱۰ **قدر انداز**
اوس شخص کو کہتے ہین جو تیر انداز حکمی ہو جکا تیر کبھی خطا نہ کرے اوسکو
قادر انداز اور قادر دست بھی کہا کرتے ہین ۱۱ **الہام** در دل افگندن
و آنچہ در دل افتد از جانب خدا خیر باشد یا شر منجب **سرگوشی** آہستہ

کان مین کہنا سرگوشی کرنے والے کا نہایت برا رتبہ ہے کیونکہ اوسکو بڑا قرب حاصل ہوا۔ **دولت گردش** زمانہ بعادت اور فارسیون نے طفیل کے معنے بہی استعمال کیا ہے مگر بدون باگے اس معنی مین کبہی نہین دیکہا +

۱ شوکتش گر در آمدی بمکان شو	شق شدی چنبر زمین و زمان
۲ ہشت جنت گلی ز بستانش	ہفت دریا نمی ز عمانش
۳ لنگر حلم کرده سنگینش	کوه را کوبس است تمکینش
۴ بر شد از حرف حشمتش دہنم	حبذا شان و شوکت سخنم
۵ در ثنائیش زار جمند بہا	میکند کوتہی بلندی ہا
۶ فخر گردون بجا ست اقبالش	خاک راه است نسبتش عالی است
۷ نہ ہمین شاه کشورش خوانند	در ہمہ چیز سرورش دانند
۸ نہ بجاہش عدیل و نہ بہتر	صد فلاطون ہزار اسکندر

چرخ گردون کدام صبح دماند	که بروئیش وان یکاد نخواند

۹

۱- چنبر بروزن قنبر دایره اور حلقه ۲ ہفت دریا سے مراد سات آسمان ہین یا سات سمندر جو مشہور ہین عُمَّان بضم اول وتشدید میم نام ایک بلدہ کا ہے جو شام مین واقع ہے اور فارسی مین بمعنے دریا کے آتا ہے +

۳ لنگر ایک بھاری لوہا ہوتا ہے جو کشتی ٹھرانے کو باندہتے ہین اس جگہ معنے وقار کے مراد ہین اور لنگر حلم مین اضافت بیانی ہے بعضے نسخون مین کو نشست اور بعضون مین کو لبست لکھا ہے اول کے یہہ معنے ہین نشست حاصل بالمصدر نشستن کا مضاف طرف تمکین کے ہے مطلب یہہ ہوا کہ ممدوح کے تمکین مین جو نشست ہے وہ پہاڑ مین کہان ہے یعنے نہین ہے اور دوسرے نسخہ کے یہہ معنے ہین کہ پہاڑ کو کہدینا چاہیے کہ تمکین ممدوح کی کافی ہے تو اپنی تمکین مت دکھلا +

۴ حرف حشمت سے مراد مدح اور تعریف حشمت کی ہے حبذا افعال مدح سے ایک فعل ہے اصل مین حب فعل ماضی اور ذا اوسکا فاعل ہے اب مرکب ہوکر بجائے ایک کلمہ کے مستعمل ہے اور کبھی ذا سے علیحدہ مستعمل نہین ہوتا +

۵ ارجمند مرکب ہے ارج بمعنے مرتبہ وقدر اور مند کلمہ نسبت سے ارج اصل مین ارز تھا جسکے معنے قیمت کے مشتق ارزیدن سے ہے زای کو جیم سے بدل کرلیا ہے اور زای معجمہ زای ارجمند ہا کے مخفف از

کے ہے جو بمعنے تخصیص کے آتا ہے یعنے اوسکی تعریف مین جو کہ مختص اوسکی ارجمندی سے ہے بلندیان یعنے مبالغہ اور اغراق قاصر ہین +

۶- درمیان جملہ اول یعنے فخر گردون بجاست اور جملہ ثانی یعنے اقبالے است کے ایک کاف تعلیلیہ مقدر کرنا چاہیے یعنے آسمان کو جو اپنی بلندی پر فخر ہے بجا ہے کیونکہ آسمان صاحب اقبال ہے اب دوسرے مصرع کو آسمان کے صاحب اقبال ہونے کی وجہ کہنا چاہیے یعنے آسمان میرے ممدوح کی خاک راہ ہے بہ نسبت آسمان کی عالی ہے پس پھر کو اسطے فخر نہ کرے

۷ درہمہ چیز سے مراد ہے درہمہ فنون و کمالات اور اسرار درمیدانند +

۸ بروئیش اے برروئے شاہ اس شعر مین ایک آیۃ قرانی کا اقتباس ہے وہ یہہ ہے وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِہِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ معنے اسکے یہہ ہین البتہ قریب ہے کہ کافر لوگ اپنی نظرون سے تجکو لغزش دین جبکہ وے قران سنتے ہین تو کہتے ہین کہ البتہ وہ محمدؐ دیوانہ ہے فقط اس آیت کو نظر بد کے دفع کرنے کے واسطے پڑھا کرتے ہین تاکہ کسی کی نظر نہ لگے

چہارم عدالت

کہ بصفت نصفت[۱] بعالم علمش ساختہ + و گوش ستمدیدگان[۲] رابصدائے کوس عدالتش نواختہ[۳] + بہ پیمانہ انصافش دُرد[۴] ہمہ صاف[۵] + و دعوی عادلیت از ہرکہ غیر اوست گزاف[۶]

اگرچه پیش ازین نوشیروان ممتاز باین لقب والا

رتبت بود او سراب واین محیط آن مجاز واین حقیقت[۵]

[۶]نسیمی که از مهب عدل او نوزیده در باغ و بوستان

گلی بر ویش نخندیده[۷] وصبحی که از مشرق انصاف او ندمیده

پرتو صادقیش بآفاق نرسیده[۸] اگر مهتاب نخ کتانی

گسیلد ماه طبانچه خور کلف است[۹] واگر حرف ستم نفس زده کسی گردد

زبان ناطقه در معرض تلف[۱۰] تند سیلی سست گیاهی را از جا نکند که حمله اندیشه

نسخه آزادان

غضبش ابر را از هزار جا مغز نشکند[۱۱] ببازار مکرمتش گوش آزادگان نسخه

در حلقه بیع[۱۲] و سحاب معدلتش کشت بجا صلان در

اجاره ریع[۱۳] در کشور عمل کردهای مذنبان همه

تحسین و آفرین ۳ و بالرزہ ۴ فروشان بازار عریانی

نسخہ
معاملہ دی جملہ فرو ردین ۵ ہمہ نسخہ

۱ نَصَفَت بفتحتین انصاف اور داد عَلَم وہ نام جسکے سبب آدمی مشہور ہو اسیواسطے علم کردن و علم شدن بچیزے بمعنے مشہور کردن اور شدن کے مستعمل ہے فاعل ساختہ کا وہ ضمیر ہے جو راجع ہے طرف عدالت کے -
۲-کوس عدالت سے مراد وہ نقارہ ہے جو کچہری کے دروازہ پر بجاتے ہین تاکہ مستغیث لوگ آواز سنکر عدالت مین آکر انصاف خواہ ہون ۔
۳ یعنے اوسکا انصاف کہوٹ اور غش سے ایسا پاک ہے کہ اگر اوس انصاف کے پیمانہ مین دُرد بہی فرض کرین وہ بہی صاف ہی ہوگا ۴ گزاف بکسر بیہودہ اور بے حساب - ۵ نوشیروان نام ایک بادشاہ مشہور کا ہے جو صفت عدالت مین نامی گزرا ہے بعضے کہتے ہین کہ یہہ لفظ مخفف نوشین روان کا ہے جسکے معنے جان شیرین ہے لقب وہ نام ہے جو دلالت مدح یا ذم پر کرے فارسی مین اوسکو بار نامہ کہتے ہین این لقب کا اشارہ طرف لفظ عادل کی ہے جو فقرہ اول مین لفظ عادلیت سے سمجا جاتا ہے سَراب بالفتح زمین شورہ کہ در آفتاب بسے درخشد واز دور بآب ماند محیط احاطہ کنندہ مراد دریاء عظیم جو کہ اطراف عالم کو محیط ہے -
حقیقت استعمال کرنا لفظ کا معنے موضوع لہ مین مجاز استعمال کلمہ کا

غیر موضوع لہ مین مطلب یہہ ہے علاقہ عادلیت کا ممدوح مین اتم اور اکمل ہے اور
نوشیروان مین مجازا ودہ ہوگا - ٦ ھبب جگہہ ہوا جلنے کی ھبب عدل مین یا تو
اضافت بیانی ہے یا وہ جگہہ مراد ہے جہان پر عدل کرتے ہین بر و لیش نخندید
یعنے بد و ملتفت نشدہ کیونکہ بر روے کسے خندیدن یہہ ایک محاورہ ہے اوس
خوشی کے واسطے بولا جاتا ہے جو کوئی شخص کسیکو دیکھکر نہایت خوشی سے
ہنستا اور خوش ہوتا ہے اور وہ خندہ جو بطریق طنز یا ٹھٹھے اور طعنہ کے
ہوتا ہے اوسکے ساتہہ لفظ بر کا استعمال نہین ہوتا چنانچہ عرفی کہتا ہے ؎
مخند اگر بفنون زمانہ دل بستم ٭ نہ بہترم ز سلیمان کہ تکیہ زد بر باد ٭ مطلب اسکا
یہہ ہے کہ اگر نسیم اوسکے ھبب عدل سے نہ چلے تو گل اوسکی اوپر ملتفت نہین
ہوتا اسلئے کہ شاید اوس سے کچہہ ظلم میرے پر پہنچے کیونکہ جو نسیم ممدوح کی
عدالت سے آوے گی اوسمین البتہ کچہہ شایبہ ایذا رسانی کا نہوگا اس فقرہ مین
خندہ نسبت گل کے اور پہر روے نسیم پر نہایت لطف دیتا ہے اہل مذاق پر
پوشیدہ نہین رہیگا ٭ ٧ مشرق الغاف مین بہی وہ ہی دو احتمال مین جیسے
ھبب عدل مین گذرے معنے ظاہر ہین - ۸ مہتاب روشنی ماہ کی جسے چاندنی
کہتے ہین مجازا مراد ماہ ہوتا ہے نخ تار ریشم کا یاے تحتانی آخر کتان مین
تنکیری ہے طپانچہ اصل مین توانچہ تہا کیونکہ توان کے معنے قدرت اور قوت
کے ہین اور واو کو کبہی میم سے اور کبہی با فارسی سے بدل لیا کرتے ہین جیسے
طپیدن وغیرہ اور چونکہ چہ تصغیر کی ہے اسسے معلوم ہوتا ہے کہ طمانچہ وہ
صدمہ ہے جو سہل طاقت سے کسیکے مارین مگر اب عموما ہاتہہ سے مارنے کے

معنے مین مستعمل ہو گیا ہے خواہ زور سے ہو خواہ کم زور سے طپانچہ خور کلف
مین دو احتمال ہین ایک یہہ کہ طپانچہ زدن کا فاعل کلف ہو اس صورت مین ذکر کلف کا
استعارہ بالکنایہ ہے اور طپانچہ کا ذکر تخئیل ہے یا یہہ کہو کہ اضافت طپانچہ کی طرف
کلف کے اضافت بیانی ہے یعنے وہ کلف نہین ہے بلکہ طپانچہ ہے پہر مجاز ہوگا
کیونکہ کلف طپانچہ نہین ہوسکتا بلکہ وہ نیل جو طپانچہ سے پڑتا ہے وہ اثر طپانچہ کا
ہوتا ہے ۹ حرف ستم مین اضافت بیانی ہے زدن درینجا نقش زدن
کے معنے لوٹ اور غارت کے ہے جیسا کہ قافلہ زدن و نقد زدن اور مراد غارت
کردن نقش حرف سے تلفظ کرنا حرف کا ہے زبان ناطقہ قوت ناطقہ تلف
ہلاک اور نیست ہونا +

۱۰ اسپیل رو یا تنکیر کی ہے اور گیا ہے مین ہی تنکیر کی یا ہے تند و سست
دو لفظ صفتین ہین جو اپنے موصوفون پر مقدم ہین اور نکنند و نشکنند دونو فعل منفی
ہین جو فایدہ اثبات کا کرتے ہین مطلب یہہ ہے کہ اگر سیل تند سے ایسی حرکت
وقوع مین آوے کہ ایک سست گہاس کو کسی جگہ سے اوکہیڑ ڈالے ابر کے دماغ
مین اوسیوقت خیال ممدوح کے غضب کا آوے اور اس اندیشہ کے حملہ سے
ہزار جا سے ابر کا مغز پارہ پارہ ہو جاوے +

۱۱ حلقہ بیع حلقہ غلامی حاصل یہہ ہے کہ اوسکی مکرمت نے ازادون کو اپنا
غلام بنا رکہا ہے - ۱۲ رَیع بفتح را آمدنی کہیتی کی - ۱۳ کشور عمل مین
اضافت بیانی ہے - عمل کے معنے حکومت کے ہین یا کشور عمل سے مراد وہ کشور ہے
جو ماتحت حکومت بادشاہ کے ہو +

۱۴ لرزه فروشان لرزه کنندگان دی اوس مہینو کو کہتے ہین جبمین آفتاب درمیان جدی کے ہوتا ہے اور وہ شروع جاڑے کا ہوتا ہے یہہ دسوان مہینا سال شمسی کا ہے فروردین نام اول مہینے سال شمسی کا ہے جبکہ آفتاب برج حمل مین ہوتا ہے یہہ شروع بہار کا ہے پس دی مین کپڑے بہت خرید کرتے ہین کیونکہ جاڑا ہوتا ہے اور فروردین مین جاڑے کے کپڑے اوتار ڈالتے ہین بسبب شروع موسم گرما کے مطلب یہہ ہوا کہ چونکہ ممدوح اون لوگون کو جو بسبب عریانی کے کانپتے ہین کثرت سے کپڑے عطا فرماتا ہی اسلئے معاملہ ماہ دی کا بالکل معاملہ ماہ فروردین کا ہوگیا ہے یعنے بسبب افراط دثار اور کپڑون کے اونکے بدن مین اسقدر گرمی ہوگئی ہے کہ اونکو کپڑے پہینک دینے کی حاجت پڑی ہے ٭

۱	غلغل کوس عدل از باشش	می عشرت مدام در جاشش
۲	دین قوی پنجہ زو بیازو عدل	عدل ز انصاف او ترازو دی عدل
۳	باد را بی کنند در گلزار	گر خورد صدمہ برگ گل از خار
۴	ور ز خاری خلید نی زدہ سر	گرد راہ گیہ نیز نامیہ سر
۵	ور بہ نخلی دو چار گشتہ خزان	گر دہ رم چون حرارت از ابان

٦ شمشیر در مہر برہ لیسیدن گرگ در خونِ خویش خسپیدن

٧ عقل را اسیر گاہ ایوانش عدل را عہد گاہ دیوانش

٨ روش عدل و طرز داد این است ہمہ شاگرد و او ستاد این است

٩ بارِ ناموس خلق بر گردن وہ چہ زیبا است کارِ حق کردن

١- غلغل اور غلغلہ لغوی معنے اسکے شور مچانا بلبلون کا حالت مستی مین ہے اور مجازی معنے آواز اور شور بلند می عشرت وہ شراب جو عیش و عشرت کے واسطے پیتے ہین مُدام بمعنے ہمیشہ اور چونکہ مدام کے معنے شراب کے ہبی ہین اسلئے یہہ صنعت ایہام ہو گئی +

٢ بازو کے معنے بانہہ کے ہین جو کندہے سے لیکر کہنے تک ہوتی ہے اور اس لفظ کے معنے قوت اور استعداد کے ہبی آئے ہین جیسا کہ صفائی کہتا ہے

اے دل باین قرار مزن لاف عاشقی + بازوے یک نگاہ نداری شکیب تو +

پس بازوے عدل کے معنے قوتِ عدل کے ہین عدل انصاف داد اور داد دہندہ کے ہبی ہین نہ واصل مین از او ہے اور از کے معنے اسجگہ سبب کے ہین اول لفظ عدل کا دوسرے مصرعہ مین اگر بمعنے انصاف کے لو تو وہ مبتدا ہے اور ترازوے عدل بمعنے ترازوے عادل اوس مبتدا کی خبر ہے اور اگر دوسرے

معنی مین اوسکو پڑہو تو وہ خبر مقدم ہے اور ترازوے عدل باضافت بیانی اوسکی مبتدا ہوگی +

۳ پی کردن پیرون کی ایڑیان کاٹ ڈالنے کو کہتے ہین تاکہ چلنے پہرنے سے رک جاوے جیساکہ سعدی کہتا ہے ؎

اگر طالبی کین زمین طے کنی + نخست اسپ باز آمدن پے کنی + صدمہ تکلیف پہنچانا صدمہ خوردن بمعنے متاثر شدن از صدمہ کے ہے جیساکہ شکست خوردن اور غم خوردن مستعمل ہین + .

۴ - سر زدن ظہور کردن اور خلیدنی مین یار تنکیر کی ہے نامیہ وہ قوت ہے جسکے سبب اجسام مین بالیدگی اور بڑہنا ہوتا ہے سر کردن شروع کردن اور سپردن راہ کے ہے یعنے اگر کسی خار چبہ جاتا خواہ تہوڑا ہو خواہ بہت ظاہر ہو جاوے تو قوت نامیہ بسبب خوف اس بادشاہ عادل کے بہاگنا شروع کرتی ہے بسبب اس خوف کے کہ معاینہ نہو جاوے کیونکہ جبتک کانٹا بڑہتا نہین وہ پیر مین چبہ نہین سکتا +

۵ دوچار گشتن مقابل ہونا آبان اوس مہینے کو کہتے ہین جسمین آفتاب درمیان برج عقرب کے ہوتا ہے وہ آٹہوان مہینا سال شمسی کا ہے اوسکو ہندی مین اگہن کہتے ہین اس مہینے مین سردی بہت ہوتی ہے اور بیت جہڑ بہی ہوتی ہے - مطلب یہہ ہے کہ جطرح حرارت ماہ آبان سے گریزان رہتی ہے اسی طرح پر خزان بہی ممدوح کی سیاست کے خوف سے بجرد دوچار ہونے کے درختون سے بہاگتی رہتی ہے +

۷ برہ گوسپند خیمیدن تر ہونا

۸ - ہمہ شاگرد در عدل کردن اوستاد اور استاد دونون درست ہین جیسے افتاد اور اوفتاد +

۹ وہ کلمہ تحسین کا ہے بروقت خوشی اور جوش فرحت کے کہتے ہین -
حق - اگر بمعنے خدا کے لو تو کار حق کے معنے اوس کار کے ہوئے جو واسطے خدا کے کرتے ہین اگر حق ضد باطل کی کہو تو کار موصوف اور حق صفت ہوگا اور مطلب اوسنے دونون صورت مین بار ناموس خلق برگردن گرفتن ہوگا +

پنجم شجاعت

۱ بحدیث نیروے بازویش حکایت سرپنجہ شیرژیان در کام وزبان مردم شکستہ + ۲ وبہ نائرہ صفت رزمش گوش از استماع داستان ہفت خوان رستم سیر گشتہ + ۳ بباز وے توانا دم تیغش برتارک گردون شگاف انداز + ۴ وبشست صاف نوک پیکانش در پشت قاف

تاف ساز ۵ تیغش اگر در خواب بر عدو شبخون برد
عجب که در بیداری سر ازان ورطه بیرون برد

۶ انداز کمند شیربندش از کمندِ طرّه سلسله مویان تاب برده
۷ و دشنه تشنه بخون اعدالش با تیغ غمزه خوبان در یک
کارخانه آب خورده ۸ زخمهائے کاری به یلارک عاشق
تارک بودیعت سپرده ۹ و در تقسیم غنایم تهوّر و جرات
غنیمان را غنیمت شمرده

۱ نیرو بروزن نیکو بمعنے قوت و طاقت سرپنجہ ہاتہ کا پنجہ اور آدمی کی
قوت اور زبردست کام و زبان سے مراد تعریف کرنے والون کی زبان
اور تالو مین حکایت شکستن در کام و زبان بمعنے بر نیامدن آن از کلام زبان
۲ مائده خوان آراسته صفت بیان کرنا حال وغیره کا صفات جمع ہے
گوش سے مراد مخاطب کا گوش ہے ہفتخوان دو گہاٹیان ہین ایک تو

وہ ہے جبکہ کیکاؤس مازندران مین قید ہوگیا تہا اور رستم اوسکے چہڑانے
کے واسطے گیا اور راہ مین کئی جگہ پر دیوون اور جادوون سے لڑا اور سات روز
مین درمیان مازندران کے پہنچکر کیکاؤس کو خلصی دی اسکو ہفت خوان
عجم بہی بولتے ہین اور ہفت خوان کہنے کی یہہ وجہ ہے کہ سات روز مین رستم
ہر ایک روز لڑتا اور فتح پاتا اور اوسکے شکرانہ ضیافت اور مہمانی کرتا ہوا گیا
تہا اسلئے یہہ نام رکہا گیا - دوسری گہاٹی ایک اور ہے اوسکو ہی ہفت خوان
کہتے ہین وہ ادنیہ دژ کے قلعہ کی فتح کی ہے اوسکا قصہ یہہ ہے کہ ارجاسب
بادشاہ توران نے اسفندیار کی بہنون کو قلعہ ادنیہ دژ مین قید کر لی ہتین اور
اسفندیار اون ایام مین اپنے باپ کی قید مین تہا جب وہ قید سے چہٹا اوسیوقت
ہفتخوان کی گہاٹی سے جاکر اور سب مصایب راہ کی رفع کرکے اپنی ہمشیرون کو چہڑا
بعضے یہہ کہتے ہین یہہ دونو گہاٹیان الگ الگ نہین ہین بلکہ ایک ہی ہین غرضیکہ
یہہ سات منزلین درمیان توران اور ایران کے ہین اس راہ مین بجز رستم اور
اور اسفندیار کے اور کوئی نہین گیا ہے سیر بیزار اور بمعنے پری کا شکم کی
صنعت ایہام ہے *

۳ ببازوے توانا با واسطے استعانت کے ہے ہم شست بوزن
دست انگشت نرہگیر جسکو عربی مین ابہام اور ہندی مین انگوٹہا کہتے ہین مراد جسکے
شست صاف سے مراد وہ ہے کہ جس چٹکی سے تیر صاف برآمد ہو اور
ٹہیک نشان پر لگے ناف اسجگہ اسکے معنے سوراخ کے ہین ٥ نہیب بکسر اول
بروزن فریب بمعنے خوف اور ترس کے ہے شبخون وقت شب کے جو

بے خبر دشمن پر دہاوا کرتے ہین اصل مین خون شب تہا اور اگر اضافت سے شب خون کہین تو یہہ معنے ہین کہ وہ رات جسمین خون کرین - مطلب دشمن اگر خواب مین ممدوح کے خوف سے متاثر ہو جاوے تو بعد بیداری کے بہی اوس اثر سے نہین بچ سکتا حالانکہ خواب کا اثر بعد بیداری کے نہین رہتا پہ یہان برعکس ہے +

۶ انداز قصد ارادہ اور مجازاً بمعنے طرز اور اطوار معشوقانہ وغیرہ کے بہی آیا ہے چنانچہ کہتے ہین از انداز او معلوم میشود کہ عاقل است اور یہی معنی اس جگہ مراد ہین تاب طاقت و تاب بردن بمعنے بیتاب کردن کے ہے یعنے ممدوح کی کمند خوشتیر بند ہے وہ ایک ایسا انداز اور ایسی ادا رکہتی ہے کہ اوسنے طرہ معشوقان کے کمند کو بہی بیتاب کر دیا ہے یا یون کہو کہ تاب بردن بمعنے پیچ و تاب حاصل کردن کے ہے اس صورت مین اس فقرہ کے یہہ معنے ہون گے کہ اوس کی کمند انداز جو پیچ و تاب رکہتا ہے یہہ پیچ و تاب معشوق کی زلف کے کمند سے اوسنے حاصل کیا ہے پس اب بہت ہی دشمنون کو اسیر اور قیدی کرے گا +

۷ دشنہ بفتح بوزن تشنہ خنجر کو کہتے ہین تشنہ بخون اعدا اسکی صفت دشنہ کی ہے اور شین ضمیر کا ہے غمزہ آنکہ اور ابرو سے اشارہ کرنا کارخانہ و کارگاہ مترادف ہین خوردن اس جگہ بمعنے قبضہ و تصرف کردن کے ہے پس آب خوردن بمعنے آب گرفتن کے ہے +

۸ کاری تاثیر کنندہ اور وہ چیز جو حد کمال کو پہنچی ہو جیسے تیر کاری اور زخم کاری آدم کاری زخم کاری وہ زخم ہے جسکا شگاف بہت عمیق واقع ہوا ہو بلارک اور بلالک تلوار تارک کلہ سر اور مغز اور مانگ سر کی اور خود وغیرہ عاشق تارک صفت ہے یعنے وہ تلوار جو سر کی عاشق ہے جو ہمیشہ سر پر یا خود دشمنون پر پڑتی رہتی ہے وزخمہائے کاری بودیعت سپردن بہ تیغ اسکے معنے یہہ ہین کہ زخم کاری وہ تلوار ممدوح ہی کے ہاتھہ سے ڈالتی ہے گویا کہ وہ زخم کاری اوس تلوار مین اماناً ممدوح نے رکھہ چھوڑے کہ سوا اوسکے ہاتھہ کے اور کے ہاتھہ سے وہ زخم کاری تلوار نہین دیتی تاکہ امانت مین خیانت نہو جاوے - سپردہ کا فاعل ممدوح ہے +

۹ - غنایم جمع ہے غنیمت کی مال لوٹ کا دستور ہے بعد جنگ کے جو مال دشمنون کا ہاتھہ آتا ہے وہ سپاہ منصور پر تقسیم کردیا کرتے ہین مصنف کہتا ہے کہ بروقت تقسیم مال غنیمت کے ممدوح دشمنون کے تہور اور جرائت کو لوٹ لاکر اپنے لشکر کے لوگون پر تقسیم کردیا کرتا ہے غنیمت شمردن یعنے مال لوٹ کا تصور کرلیا ہے +

۱	آورد درو غاز کاسہ سر	لبر انگشت چشم شیر بدر
۲	ظفر از تیغ اوست قصہ طراز	نیست بر دین زبان کفر دراز
۳	زخم ریزد چو خنجرش برہم	اجل از دست افگند مرہم

۴ چون بزه کرد آشنا سوفار	شبه سفته است در دل شب تار
۵ از کمانش نجسته تیر خطا	قبضه از دست او گرفته قضا
۶ تا ظفر نامه ها کنند رقم	چه قلمهای دست گشته قلم
۷ آرزوهای خصم گشته بهین	هیچکس تیغ کین نرانده چنین
۸ می چکاند به بزم رزم مدام	ساغرش زهره خنجرش بهرام
۹ بیشهٔ رزم باغ و بستانش	مهر شیر غذای خفتانش

۱ اوغا با نفع جنگ - لڑائی ممدوح کی شجاعت کا بیان کرتا ہے +

۲ ظفر فتح قصہ طراز فسانہ گو یعنے ممدوح کی تیغ چونکہ ہمیشہ مظفر اور منصور رہتی ہے تو بسبب کثیر ہونے فتح کے ظفر ہر دم اوس تیغ کا ذکر کرتی رہتی ہے یا ایسی مداح اوسکی تیغ کی ہو گئی ہے کہ اوسکا قصہ سناتی رہتی ہے اور چونکہ وہ فتح اعداء دین پر بہت کرتا ہے اسلئے دین اسلام پر کفر کے اب زبان درازی ہو نہیں باقی +

۳ زخم ریختن زخم کرنا مجازی معنے ہین از دست افگند اے

چارہ گر بفگند و مہلت مرہم نہادن ندہد +

۴ آشنا کردن زہ بسوفار مراد اسے تیر مارنا ہے شبہ بفتحتین ایک پتہری نہایت سیاہ اوسکو شبرنگ بہی کہتے ہین اس لفظ کو با خفا ہا پڑہتے ہین صرف بار موا حدہ کا فتح پڑہا جاتا ہے اور ہے ظاہر نہین کرتے ہندی مین اوسکو پوتہر کہتے ہین دل شب تار دل کے معنے نصف سفتن پرونا پس اندہیری رات مین اور خصوصاً آدہی رات کو جبکہ تاریکی بکثرت ہوتی ہے پونہہ کو تیر سے پرونا گویا نہایت درجہ کے قادر اندازی ممدوح کی ہے

۵ خطا ناراست ناصواب تیر خطا یعنے وہ تیر جو نشانہ پر نہ لگے بلکہ خطا کرے قبضہ بفتح کف دست قبضہ از دست گرفتن مراد اس سے شاگرد ہونا ہے مراد یہہ ہے کہ ممدوح کے ہاتہہ سے کبہی تیر خطا نہین ہوا ہمیشہ نشانہ ہی پر لگا ہے یہہ حال دیکہکر قضا نے بہی اوسکی شاگردی اختیار کرلی ہے اور اوس سے کمان کا قبضہ پکڑنا سیکہہ گئی ہے +

۶ قلم شدن و قلم گشتن بریدہ شدن قلمہای دست مین اضافت بیانی ہے جمع بمعنے کثرت کے ہے حاصل معنے یہہ ہین کہ دشمنون کے ہاتہہ جو بجائے قلم کے ہین اس ممدوح کے ظفر نامہ کے لکہنے کے واسطے کٹ گئی ہین کیونکہ قلم کو جو قلم کرتے ہین تو مراد اوس سے یہہ ہوتی ہے کہ کچہہ لکہین پس نہایت کثرت سے دشمنون کے ہاتہہ ممدوح کا فتح نامہ لکہنے کو قلم ہوئے ہین اس صنعت کا نام حسن التعلیل ہے +

۷ - آرزوہای خصم مضاف و مضاف الیہ ہوکر مفعول اول ہوا

ور گشتہ مفعول ثانی ہوا فعل ۔ بین کا اور ۔ بین افعال قلوب سے ہے اسکے
معنے ہین معلوم کر اور مصرع دوسرا مقولہ مصنف کا ہے یعنے اسلح کی تلوار
کسی نے آج تک نہ چلائی ہوگی دشمن تو کیا بلکہ دشمنون کی آرزون کو بھی
اسس ممدوح نے مار ڈالا ہے +

۸ ۔ میچکاند الخ اطلاق چکانیدن کا زہرہ اور بہرام پر بطریق استعارہ کے ہے
کیونکہ وقت می نوشی کے قطرہ شراب کا ساغر سے اور قطرہ خون کا خنجر سے
بوقت جنگ ٹپکتا ہے ۔ اسس شعر مین تین صنعتین مصنف نے جمع کی ہین ۔ جمع تقسیم
تفریق کیونکہ ساغر اور خنجر کا حکم چکانیدن مین داخل کرنا صنعت جمع ہے بعد ازان
ذکر کرنا منسوبات ساغر اور خنجر کا کہ زہرہ اور بہرام ہے یہہ صنعت تقسیم ہے اور
ذکر بزم اور رزم کا صنعت تفریق ہے +

۹ ۔ بیشہ ۔ جنگل شیر کے رہنے کا بعضے اسکو بیشہ پڑہتے ہین وے غلطی کرتے
ہین شیر خدا سے مراد حضرت علی رض ہین خفتان ایک قسم کا جامہ ہے جو جنگ
مین پہنتے ہین جسکو قزاگند کہتے ہین +

ششم سخاوت

کہ کشادگی کفش تنگی در جہان نگذاشتہ اِلّا در دل

بدان و دہانِ خوبان + پر دلے کہ از روئے عبہا

برکشیده بر چشم بدبینان بسته + و قفلهاے که از در

گنجینها بر داشته بر دهان سخن چینان گذاشته +

[۴] هیچکس از والا همتان تشریف خطاے چنان ندوخته

که دستے بآن دراز شود + و هیچکدام از مایده گستران

دیگ سخاے چنان نه پخته که حرف گیری خامی زبان زد

طعنه نگردد + [۶] طمع از وارستگان پاس هنگام سوال + پاس

فلک از ماه و خور نواله خور خوان نوال + کوتاه دستان

بلند سودا انچه شب خواب بینند صبح از باغ تعبیرش گل مراد چینند

به [۹] نسیم همتش گلهاے نشگفته از شاخ میروید تا غنچه بر خردهٔ

خود مشت نیفشارد + و در تیرباران فاقه زرلب بیری برند

تا از گرانی عطا شاہین میزان صورت لا بر نیارد [11] + آرزوہا

ہمہ در بر کشیدہ حصول + [12] براتہائے ہمہ سلم خریدہ وصول +

[13] جوہری سحاب عرق عرق گوہر ریز لنیش + [14] واکسیری

آفتاب گرم تلاش زر بخشیش [15] + اگر دریاست بخاک نشاندہ اوست

واگر کان است آب رساندہ او +

